**23/06/2025**

**07.4O PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

*........ **ایران اور اسرائیل کے درمیان تازہ میزائل حملے // آبنائے ہر مُز کو بند کرنے کی تجویز سے خام تیل کی قیمتوں میں زبردست اُچھال ۔**

*........ **مرکز نے جموں کشمیر کے لئے دس ہزار 637 کروڑ روپے کی مالیت کے 19 بڑے رابطہ پروجیکٹوں کو دی منظوری // لیفٹنٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کا اظہار تشکر ۔**

*........ **جموں کشمیر کے سرکاری سکولوں میں اساتذہ کا تناسب صحیح کرنے کے لئے محکمہ تعلیم کی جانب سے ایک بڑی مہم شروع ۔ اور**

*........ **سیوا ، سشاسن اور غریب کلیان کے گیارہ سال // سائنس کے شعبے میں ملک میں انقلابی کامیابیاں ۔**

**آج بیوہ خواتین کا بین الاقوامی دن ہے ۔ اقوام متحدہ کی طرف سے 2011 سے یہ دن ہر سال 23 جون کو منایا جا تا ہے۔**

**ایران**

**ایران اور اسرائیل نے پھر سے ایک دوسرے پر میزائل حملے کئے ہیں۔ ایران کے رہبر عالی آیت اللہ علی خامنائی نے یہ عہد کیا ہے کہ اسرائیل کو سزا ملتی رہے گی۔ انھوں نے ایران پر اسرائیلی حملوں کے ساتھ ساتھ امریکہ کے حملے کے بعد اپنے پہلے بیان میں یہ بات کہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے بڑی غلطی کی ہے۔ ادھر ایران کے حکام نے کہا ہے کہ فوج ایٹمی**

تنصیبات پر امریکہ کے حملوں کے تناظر میں جوابی کارروائی کے لئے وقت، نوعیت اور اِس کے پیمانے کا تعین کرنے کا کام کررہی ہے۔ اس سے پہلے ایران کی پارلیمنٹ نے آبنائے ہرمز کو بند کرنے کی تجویز کو اتفاق رائے سے منظوری دے دی، جو تیل اور گیس کو لے جانے کا ایک اہم راستہ ہے۔صورتحال کے تناظر میں خام تیل کی قیمتوں میں زبردست اچھال آ گیا ہے ۔
ایران کی طرف سے آبنائے ہر مُز کو بند کئے جانے کی دھمکی کے بعد تشویش پیدا ہو گئی ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر یوٹی کے لئے دس ہزار 637 کروڑ روپے کی مالیت

منوج سنہا نے کہا ہے کہ سٹریٹجک اہمیت کے حامل ان پروجیکٹوں کے بدولت جموں کشمیر میں فوجیوں کی نقل و حمل اور ان کے لئے لاجسٹک سپورٹ مضبوط ہو گا جبکہ مختلف سیاحتی مقامات بھی ایک دوسرے سے جڑ جائیں گے اور بنیادی ڈھانچہ بھی مضبوط ہو گا ۔

-----BYTE------

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی جموں کشمیر کے لئے اتنی خطیر رقم سے اہم رابطہ پروجیکٹوں کی منظوری دینے پر وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر نتن گڈکری کا شکریہ بجا لایا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر سرکار ان منصوبوں کو بر وقت عملی جامہ پہنانے کے لئے مرکزی وزارت سے قریبی تال میل کے ساتھ کام کرے گی ۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم نے سکولوں میں اساتذہ کے تناسب کو صحیح کرنے کی ایک بڑی مہم شروع کی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جو اساتذہ دہائیوں سے شہروں میں کام کر رہے ہیں انہیں اب دیہی علاقوں میں بھی اپنی خدمات انجام دینا ہوں گی ۔

بارہمولہ کے ٹنگمرگ میں منعقدہ ایک تقریب کے حاشئے پر ہمارے بارہمولہ کے نمائندے کوثر سلام کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ اس سلسلے میں کسی بھی سطح پر کوئی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی ۔

-----BYTE-----

اس سے پہلے وزیر موصوفہ نے ایم ایل اے گلمرگ فاروق احمد شاہ اور تعلیم ، کالجز، صحت اور آیوش کے ڈائریکٹر وں کی موجود گی میں صحت اور تعلیم سے جڑے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے ڈگری کالج بمنہ میں منعقدہ ایک تقریب پر پانچ کالجوں کے لئے وقف بسوں کو بھی ہری جھنڈی دکھائی ۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے ۔

**کالج داخلے**

اعلیٰ تعلیم محکمے کی طرف سے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ پروگرامونکیلئے داخلے کاعمل جاری ہے۔داخلے کا عمل 16 PG انڈ ر گریجویٹ اور انٹیگریٹیڈ جون سے شروع ہو گیا ہے جو 7 جولائی تک جاری رہے گا ۔ اس کے علاوہ تین سے نو جولائی بھی ہو گی ۔ امیدوار محکمے کی ویب سائٹ Choice Filling تک
سے استفادہ کر سکتے ہیں ۔ اس بارے میں جموں کشمیر کے jkadmission.samarth.ac.in
ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

**....Prof Aijaz Bashir....**

**تعطیل**

اس دوران محکمہ اعلیٰ تعلیم نے وادی کے تمام کالجوں مینکل یعنی 24 جون سے تین جولائی تک دس روزہ گرمائی تعطیل کا اعلان کیا ہے ۔

**11سال**

ملک میں سیوا، سُشاسن اور غریب کلیان کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پچھلی ایک دہائی میں قابل قدر بدلاؤ آیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سرینگر پچھلے11سال کے دوران کلیدی شعبوں میں مرکزی سرکار کی کوششوں کے بارے میں ایک خصوصی فیچر پیش کر رہا ہے۔

آج ہم ملک کے اقلیتی طبقوں کے لئے با اختیاری ، مواقعے اور اصلاحات پر مبنی شمولیاتی ترقی کے تئیں بھارت کے غیر متزلزل عزم پر آکاشوانی کے دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں ۔

**---Byte---**

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ پچھلے گیارہ سال میں ٹیکنالوجی کا شعبہ بھارت کی ترقی کے انجن کے طور پر کام کر تا رہا ہے ۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے گیارہ سال میں ملک کی سائنسی حصولیابیوں کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ سائنس ، اختراع اور انتظامی اصلاحات بھارت کی تقدیر سنوار رہے ہیں ۔

...........BYTE........

راج ناتھ سنگھ

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی انگریزی اور ہندی زبانوں میں51 تقاریر کا ایک مجموعہ جاری کیا جو انہوں نے اپنے عہدے کے دوسرے سال کے دوران دی تھیں ۔ یہ تقریر نئی دلی کے راشٹرپتی بھون میں منعقد ہوئی جہاں اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور وزیر مملکت ایل مروگن بھی موجود تھے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سکمز صورہ کی صحت خدمات کا درجہ وقت وقت پر بڑھانے پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے آج افسروں کی اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں ادارے کی کارگزاری کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ انہوں نے ادارے کے مستقبل کی ضروریات کے سلسلے میں ایک واضح نظریہ اپنانے پر زور دیتے ہوئے آنے و الے وقت میں سکمز کو مزید وسعت دینے کی ہدایت دی ۔

خراج

کو Mookerjee آج ڈاکٹر شیاما پرساد
ا

---

ن کے شہیدی دِوس پر خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر± کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آنجہانی نے ملک کی سا لمیت برقرار Mookerjee رکھنے کی خاطر بے مثال دلیری اور بھرپور کوشش کا مظاہرہ کیا۔ ڈاکٹر شیاما پرساد کی موت 1953 میں آج کے ہی دن سرینگر کی ایک جیل میں پراسرار حالات میں Mookerjee ہوئی تھی۔ ادھر بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈّا نے بھی نئی دلی میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر کو گلہائے عقیدت نذر کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر مکھرجی نے جموں وکشمیر Mookerjee ڈاکٹر کو دئیے گئے خصوصی درجے کی مخالفت کی تھی۔

-----BYTE----

کو ان Mookerjee  لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی جدید بھارت کے معمار ڈاکٹر شاما پرساد کی برسی پر خراج عقیدت اد ا کیا ہے۔

**BJP**

پردیش بی جے پی نے بھی کئی پروگرام منعقد کر کے ڈاکٹڑ شیاما پرساد مکھرجی کو ان کے شہیدی دِوس پر شاندار خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ پردیش بی جے پی صدر ست شرما اور پارٹی کے تنظیموں امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول کے علاوہ دیگر کئی لیڈروں نے آنجہانی مکھر جی کی خدمات کو یاد کر کے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ اس دوران پردیش بی جے پی کے مہیلہ مورچہ نے آنجہانی مکھر جی کی یاد میں پارٹی آفس جموں میں ایک مفت طبی کیمپ منعقد کیا ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

اقوام متحدہ

آج اقوام متحدہ پبلک سروس دن ہے ۔ یہ دن سماج کے تئیں عوامی خدمات کی قدر کا جشن منانے کے جذبے سے منایا جاتا ہے ۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری انتونیو گٹیرس نے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ آئیے آج کے دن خدمت گاروں کو ان کی خدمات کے صلے میں عزت و وقار دیتے ہیں ۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں جموں کشمیر پاور ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کے پرنسپل سیکریٹری ایچ راجیش پرساد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--------BYTE -------

عرس

خلیفہ دوم سیدنا حضرت فاروق اعظم ؓ کے یوم شہادت کے سلسلے میں کل یعنی 24 جولائی کو دن میں بارہ بجے آثار شریف شہری کلاش پورہ کی قدیم اور تاریخی درگاہ میں ایک خصوصی

تقریب کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔ تقریب کے دوران مبلغ حضرات حضرت فاروق اعظم ؓ کی شجاعت ، ان کی تاریخ ساز فتو حات اور عدلِ فاروقی کے موضوعات پر وعظ فرمائیں گے ۔ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے خلیفہ دوم کے یوم شہادت کے موقعہ پر اپنے الگ الگ پیغامات میں فاروق اعظم ؓ کے عدل و انصاف کو حکمرانی کے لئے مشعل راہ قرار دیا ہے ۔

**بین الاقوامی دن**

آج بیوہ خواتین کا بین الاقوامی دن ہے ۔ اقوام متحدہ کی طرف سے 2011 سے یہ دن ہر سال 23 جون کو منایا جا تا ہے۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کلسٹر یونیورسٹی سرینگر کی ڈین سٹوڈنٹس ویلفیئر اور امر سنگھ کالج کے شعبہ سماجیات کی سربراہ ڈاکٹر شبنم آرا نے بتایا کہ یہ دن بیوہ خواتین کی آوازوں اور ان کے تجربات کی طرف توجہ مبذول کرانے کے مقصد سے منایا جاتا ہے ۔

-----BYTE------

**نیشنل کانفرنس**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ خواتین کی با اختیاری میں نیشنل کانفرنس نے ایک نا قابل فراموش رول ادا کیا ہے ۔ سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر خواتین وِنگ کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو در پیش چیلنجوں کا ازالہ کرنے میں کوئی بھی لیت و لعل نہیں کرے گی ۔ تقریب پر نو منتخب خواتین عہدیداروں کو تقرر نامے سونپے گئے ۔ پارٹی کی خواتین وِنگ سے وابستہ شبینہ خان اور پروینہ چودھری کو نائب صدر صوبہ کشمیر جبکہ سید ظرینہ بیگم کو ضلع صدر بانڈی پورہ نامزدگ کیا گیا ہے ۔ اسی دوران نیشنل کانفرنس نے پارٹی کی انسانی حقوق سیل کا قیام عمل میں لایا ہے ۔

**نشہ مکت بھارت ابھیان**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

…………(PM)….Byte…………

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینتھیٹر ڈائریکٹر حکیم جاوید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--V/O--

**پولیس**

**اِدھر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی مہم کو جاری رکھتے ہوئے سوپور اور کولگام سے پانچ منشیات سمگلروں کو گرفتار کر لیا ہے ۔ ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کر لی گئی ہے اور ان کے خلاف قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت معاملات درج کئے گئے ہیں ۔**

**اگنو**

**امتحانات جاری ہیں ۔ یونیورسٹی نے کہا ہے کہ 19 end اِگنو کی طرف سے جون 2025 کے ٹرم جولائی تک کشمیر وادی اور لداخ میں لئے جانے والے ان امتحانات کے لئے کل 35 مراکز قائم کئے گئے ہیں ۔**

**امتحانات 38 ہزار طالب علم دے رہے ہیں ۔ اگنو کے لئے کشمیر اور لداخ کے ریجنل end ٹرم ڈائریکٹر ڈاکٹر افروز حیدر رضوی نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔**

**-------BYTE-------**

**آپریشن سندھو**

**آپریشن سندھو کے تحت اب تک ایران سے ایک ہزار 713 بھارتی شہریوں کو واپس لایا جا چکا ہے۔ کل رات ایران کے شہر مشہد سے ایک خصوصی پرواز کے ذریعے مزید 285 بھارتی شہری نئی دلی پہنچے، جن کا امورِ خارجہ کے وزیر مملکت Margherita Pabitra نے خیرمقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزارت خارجہ ایران اور اسرائیل میں مقیم تمام بھارتی شہریوں سے لگاتار رابطے میں ہے۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت20اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سیلسیس تھا۔**

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ